## USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی رسید

ہوسکتا ہے کہ آپ کی درخواست کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے سے پیشتر USCIS آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے، اضافی معلومات حاصل کرنے اور پس منظر اور سیکیورٹی کی جانچ کرنے، بشمول وفاقی محکمہ برائے تفتیش (FBI) کے پاس موجود جرائم کی سرگزشت کے ریکارڈ کے لئے تقاضا کریں کہ آپ کسی وقت ایک انٹرویو کے لئے پیش ہوں یا انگلیوں کے نشانات، تصویر، اور/ یا دستخط فراہم کریں۔ USCIS کے آپ کی درخواست کو وصول کرنے اور اس کے مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے بعد، اگر آپ کو بائیو میٹرک سروسز کی ایک اپوائنٹمنٹ میں حاضر ہونے کی ضرورت ہوئی، تو ہم آپ کو تحریری طور پر (یا بذریعہ ای میل نوٹس، اگر آپ نے اپنی درخواست ای فائل کی ہو) مطلع کریں گے۔ اگر ایک اپوائنٹمنٹ ضروری ہوئی، تو یہ نوٹس آپ کو مقامی یا نامزد شدہ USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر(ASC) کے مقام اور آپ کی اپوائنٹمنٹ کی تاریخ اور وقت فراہم کرے گا۔ اگر آپ اپنی بائیو میٹرک سروسز کی اپوائنٹمنٹ میں حاضر ہونے میں ناکام رہے، تو USCIS آپ کی درخواست سے انکار کر سکتے ہیں۔

USCIS (ASC) کی رسید، جو نیچے دی گئی ہے، کا جائزہ لیں۔ اس رسید کا مقصد یہ تصدیق کرنا ہے کہ آپ نے اپنی درخواست مکمل کر دی ہے اپنے جوابات کا جائزہ لے لیا ہے، اور یہ توثیق کر لی ہے کہ آپ کی مہیا کردہ معلومات مکمل، سچی اور درست ہیں۔ اگر کسی دوسرے شخص نے آپ کی درخواست پُر کرنے میں آپ کی مدد کی ہے، تو اس کو چاہئے کہ یہ یقینی بنانے کے لئے، کہ آپ اس کو سمجھتے ہیں، آپ کے ساتھ مل کر اس کا جائزہ لے۔

میں [DOE, JOHN]، جانتا ہوں کہ (USCIS ASC) کی اپوائنٹمنٹ کا مقصد یہ ہے کہ میں اپنی انگلیوں کے نشانات، تصویر اور/ یا دستخط فراہم کروں اور دوبارہ توثیق کروں کہ میری درخواست میں دی گئی تمام معلومات مکمل، سچی اور درست ہیں اور خود میں نے انہیں فراہم کیا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ میں مندرجہ ذیل بیان پر دستخط کروں گا جو USCIS مجھے اس وقت دکھائیں گے جب میں اپنی USCIS ASC اپوائنٹمنٹ کے دوران اپنی انگلیوں کے نشانات، تصویر اور/ یا دستخط فراہم کروں گا۔

***یہاں پر دستخط کر کے، میں دروغ گوئی کی تعزیر کے تحت یہ بیان دیتا ہوں کہ میں نے اپنی درخواست، عرضداشت یا استدعا، جیسا کہ اوپر والی اسکرین پر دکھائے گئے رسید نمبر کے ذریعے نشان دہی کی گئی ہے، اور ان تمام تائیدی دستاویزات، درخواستوں، عرضداشتوں یا استدعاؤں، جن کو میں (یا میرے اٹارنی یا معتبر نمائندے) نے USCIS کے پاس جمع کروائی گئی اپنی درخواست کے ہمراہ جمع کروایا ہے، کا جائزہ لے لیا ہے اور میں ان کو سمجھتا ہوں اور یہ کہ اس مواد میں دی ہوئی تمام معلومات مکمل، سچی اور درست ہیں۔***

میں یہ بھی جانتا ہوں کہ جب میں اپنے نام کے دستخط کروں گا، اپنی انگلیوں کے نشانات فراہم کروں گا اور/ یا USCIS ASC میں میری تصویر لی جائے گی، تو میں دوبارہ تصدیق کر رہا ہوں گا کہ میں یہ درخواست اپنی مرضی سے جمع کروا رہا ہوں؛ میں نے اس درخواست کے مشمولات پر نظر ثانی کر لی ہے؛ میری درخواست اور میری درخواست کے ساتھ جمع کروائی گئی تمام تائیدی دستاویزات میں نے خود فراہم کی ہیں اور یہ مکمل، سچی اور درست ہیں؛ اور اگر اس درخواست کو مکمل کرنے میں کسی نے میری مدد کی ہے تو میری مدد کرنے والے شخص نے **USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی اس رسید** پر بھی میرے ساتھ نظر ثانی کی ہے۔

**نوٹ:** اس حصے کو مکمل کرنے سے پہلے فارم I-90 کے ہدایات، **سزاؤں** والے حصے میں سزاؤں کے بارے میں معلومات کو پڑھیں۔ آپ کو **لازماً** امریکہ میں قیام کے دوران فارم I-90 جمع کروانا چاہئے۔

***درخواست گذار کا بیان***

شقوں کے لئے خانہ منتخب کریں **شق نمبر 1.a.** یا **1.b.** ۔ اگر قابل اطلاق ہو، تو **شق نمبر 2** کے لئے خانہ منتخب کریں۔

**1.a.** میں انگریزی پڑھ اور سمجھ سکتا ہوں اور میں نے اس درخواست پر دئیے گئے ہر سوال اور ہدایت، نیز ہر سوال کے لئے اپنے جواب کو پڑھ لیا ہے اور انہیں سمجھتا ہوں۔ میں نے **USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی رسید** کو پڑھ لیا ہے اور اسے سمجھتا ہوں۔

**1.b.** ترجمان،{ترجمان کا پہلا نام} {ترجمان کا آخری نام}، نے مجھے اس درخواست پر دئیے گئے ہر سوال اور ہدایت، نیز ہر سوال کے لئے میرے جواب کو{ترجمانی کی زبان} میں پڑھ کر سنایا ہے، جو ایک ایسی زبان ہے جس میں مَیں رواں ہوں۔ میں اس درخواست پر دئیے گئے ہر سوال اور ہدایت کو، جیسا کہ میرے ترجمان نے ترجمہ کیا ہے، سمجھتا ہوں اور میں نے اوپر دی ہوئی زبان میں مکمل، سچے اور درست جوابات مہیا کئے ہیں۔ ترجمان {ترجمان کا پہلا نام} {ترجمان کا آخری نام}، نے مجھے **USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی رسید** کو بھی اس زبان، جس میں مَیں رواں ہوں، پڑھ کر سنایا ہے اور میں ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر (ASC) کی اس رسید کو سمجھتا ہوں جیسا کہ میرے ترجمان نے مجھے پڑھ کر سنایا ہے۔

**2.** میں نے {تیارکنندہ کا پہلا نام }{تیار کنندہ کا آخری نام}، **جو** ایک اٹارنی یا ایک معتبر نمائندہ **ہے،** کی خدمات کی درخواست کی ہے اور میرے لئے اس درخواست کو تیار کرنے کے لئے رضامندی دی ہے. اس شخص، جس نے میری درخواست کو تیار کرنے میں میری مدد کی ہے، نے میرے ساتھ **USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی رسید** پر نظر ثانی کی ہے، اور میں ASC کی رسید کو سمجھتا ہوں۔

میں نے {تیارکنندہ کا پہلا نام }{تیار کنندہ کا آخری نام}، **جو** ایک اٹارنی یا ایک معتبر نمائندہ **نہیں ہے،** کی خدمات کی درخواست کی ہے اور میرے لئے اس درخواست کو تیار کرنے کے لئے رضامندی دی ہے. اس شخص، جس نے میری درخواست کو تیار کرنے میں میری مدد کی ہے، نے میرے ساتھ **USCIS ایپلیکیشن اسپورٹ سنٹر میں اپوائنٹمنٹ کی رسید** پر نظر ثانی کی ہے، اور میں ASC کی رسید کو سمجھتا ہوں۔

***درخواست گذار کی تصدیق***

میری جمع کروائی گئی دستاویزات کی نقول غیر تبدیل شدہ، اصل دستاویزات کی بالکل درست فوٹو کاپیاں ہیں، اور میں جانتا ہوں کہ USCIS یہ تقاضا کر سکتے ہیں کہ میں بعد کی کسی تاریخ کو اصل دستاویزات USCIS میں جمع کرواؤں۔ مزید برآں، میں اپنے کسی یا پورے ریکارڈز میں سے کسی معلومات کو جاری کرنے کی اجازت دیتا ہوں جو میرے طلب کردہ امیگریشن کے فائدے کے لئے اہلیت کا تعین کرنے کی خاطر USCIS کو درکار ہو سکتی ہیں

علاوہ ازیں میں اس درخواست، تائیدی دستاویزات اور اپنے USCIS کے ریکارڈز میں موجود معلومات کو دیگر ہستیوں اور اشخاص کو جاری کرنے کی اجازت دیتا ہوں جہاں امریکی امیگریشن کے قوانین کے نظم و نسق کے لئے ضروری ہو۔

میں دروغ گوئی کی تعزیر کے تحت، تصدیق کرتا ہوں کہ میری درخواست اور میری درخواست کے ساتھ جمع کروائی گئی کسی دستاویز میں دی گئی معلومات خود میری فراہم کردہ اور مکمل، سچی اور درست ہیں۔